© rasailojaraid.com

مقدس میں اقلیت ہونا خدا کی نظروں میں مخصوص اور چیدہ ہونا ہے۔ یہ الٰہی اعزاز اور خدا کا فضل ہے ---(ص ۲۳)، "نیز اقلیت کی الٰہیات کا تقاضا ہے کہ اقلیت چاہے اقتصادی اور سماجی طور پر کتنی ہی پس ماندہ کیوں نہ ہو، اُسے قادر مطلق خدا پر ایمان کی تجدید کرتے ہوئے جدوجہد کرنا چاہیے۔

ریورنڈ پرویز سلطان نے کتاب کے "دیباچہ" میں عددی اعتبار سے جاگیر داروں اور سرمایہ داروں کو پاکستانی معاشرے میں اقلیت قرار دیا ہے (ص ۹)، مگر اصطلاحاً یہ طبقہ اقلیت کے ذیل میں اس لیے نہیں آتا کہ اُسے معاشرے کے تمام وسائل حاصل ہیں اور بالادست قوت کی حیثیت سے اُسے وہ مسائل درپیش نہیں جو اقلیتوں سے وابستہ ہوتے ہیں۔

یہ دلچسپ کتاب مکتبہ عناویم پاکستان، پوسٹ بکس نمبر ۹۱۸۷ - کراچی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ نوے صفحات پر مشتمل کتاب کی قیمت تیس روپے نہایت مناسب ہے۔ (ادارہ)

---

## مراسلت

عبدالرشید ارشد

جوہر آباد

اگرچہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں بہت سی اقلیتیں آباد ہیں، مگر "حقوق کی جنگ" جس جارحیت سے مسیحی اقلیت لڑ رہی ہے، اور تا انجام لڑتے رہنے کے جس عزم بالجزم کا کھلا اظہار کر رہی ہے، اور بعض عالمی تنظیمیں جس طرح اس کی لے میں لے ملا رہی ہیں، قابل توجہ ہے۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں رنگ و نسل اور مذہب و عقیدہ کے اختلاف کے بغیر تمام اہل پاکستان کو یکساں شہری حقوق حاصل ہیں، تاہم ذی شعور لوگ اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ حقوق کے ساتھ ہر شہری پر کچھ فرائض بھی عائد ہوتے ہیں۔ ملک کے اساسی نظریے سے اختلاف رکھنے والی اقلیتوں کے حقوق و فرائض کی فہرست کچھ یوں بنتی ہے:

| حقوق | فرائض |
|---|---|
| ☆ اپنے عقائد پر بلا خوف جمے رہنا | ☆ اکثریت کے مسلمہ عقائد کا احترام کرنا |
| ☆ ملک کے شہریوں کے ساتھ برابر کی حیثیت | ☆ اکثریت کے دین اور اُن کی اقدار کا احترام |
| ☆ قانونی تحفظات سے استفادہ | ☆ آئین کی مقرر کردہ حدود برائے حقوق و آزادی |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کی پاس داری

☆ تعلیم اور ملازمتوں میں مساوی حق ☆ اپنے قول و فعل سے حب الوطنی کا اظہار

جہاں تک پاکستان کی مسیحی اقلیت کے شہری حقوق کا تعلق ہے، ماضی میں اِن کا تحفظ کیا گیا ہے، اور اگر کہیں کوئی زیادتی ہوئی ہے تو اس کا تدارک کرنے کی کوشش کی گئی ہے، مگر مسیحی اقلیت کے بعض افراد ملک کے اساسی نظریے اور اس حوالے سے مسلمانوں کا نقطہ نظر تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔

یہ مسلمہ امر ہے کہ ایک مسلمان کا ایمان اُس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا، جب تک وہ نبی اکرمؐ سے پہلے کے تمام نبیوں اور پہلی کتابوں پر ایمان نہ لائے۔ تورات، زبور، انجیل اور دوسرے صحائف اللہ رب العزت کی طرف سے اپنے اپنے ادوار کے انسانوں کی ہدایت و رہنمائی کے لیے نازل کیے گئے تھے، اور نبی اکرمؐ کے ذریعے ماضی کی الہامی کتب کی تعلیمات کو قرآن پاک کی شکل میں مکمل ضابطہ حیات کی شکل دے دی گئی ہے۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان میں مسیحی اقلیت کے بعض افراد کو شکوہ ہے کہ اُن کے لیے وطن عزیز میں آزادی کا فقدان ہے، اور اُن کا عزم یہ ہے کہ سر دھڑ کی بازی لگا کر "حقوق" حاصل کرنے کی خاطر نفاذِ اسلام کا راستہ روکا جائے گا۔ وطن عزیز میں آزادی کا حال یہ ہے کہ بیرون ملک سے مسیحی ادارے خط و کتابت کورسوں کے ذریعے نوجوانوں میں مسیحیت کی اشاعت کے لیے کوشاں ہیں، نہ ان خط و کتابت کورسوں کے آنے پر کوئی پابندی ہے، اور نہ کسی مسلمان کو روکا گیا ہے کہ وہ اِن اسلام دشمن کورسوں سے اجتناب برتے، اور اگر مسیحی دوست یہ کورس پڑھ رہے ہیں تو وہ اپنے اہلِ وطن مسلمانوں کے دین و ایمان کے بارے میں احترام کا جذبہ رکھنے کے بجائے نفرت کے جذبات کو پروان چڑھائیں گے۔

ڈلاس (ٹیکساس-امریکہ) سے چھپنے والے ایک سرکلر Islam: The False Gospel (اسلام: ایک جھوٹی بشارت) کے دو اقتباسات دیکھیے:

> For many years Islam has been regarded as a "False Gospel" and Christians have sought to convert Muslims to the only true and living God by accepting Christianity.

(کئی برسوں سے اسلام کو ایک جھوٹی بشارت سمجھا جا رہا ہے، اور مسیحیوں نے مسلمانوں کو حلقہ مسیحیت میں داخل کر کے واحد سچے اور زندہ خدا کے حضور لانے کی کوششیں کی ہیں۔)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Muhammad marrid to 15 wives...lived a sin-
ful life....

(محمدؐ نے [نعوذباللہ] ۱۵ شادیاں کیں---- گناہ آلود زندگی بسر کی- [نعوذباللہ])

اس انداز کی غلط اطلاعات اور ہرزہ سرائی کے بعد اپنے "ہدف" طالب علم کو "ہدایات" دی گئی ہیں

☆ دعا کیجیے کہ آپ کے نام آنے والا بے مثال پارسل کوئی دشمن گم نہ کردے۔


☆ آپ سے التماس کی جاتی ہے کہ شر پسند مسلمانوں سے ادارے کی کتابیں بچا کر رکھیں۔

☆ ادارے کے تمام گشتی خطوط بے حد احتیاط سے پڑھیں، تاکہ آپ حالات کی نزاکت کے پیشِ نظر خطرات سے بچ کر، یسوع مسیح کی بابت حقیقی صداقت جان کر، ایمان لاکر ابدی نجات اور زندگی کے وارث ٹھہریں۔

☆ ہر خط میں دلچسپی رکھنے والے مسلمان دوستوں کے نام ادارے کو ارسال کریں، تاکہ آپ کا نام خفیہ رکھتے ہوئے بہتیرے لوگوں کو آفتابِ صداقت کا پیغام ادارے کی جانب سے تحفتہً بھیجا جاسکے۔

اسی طرح رکن (سوئزرلینڈ) سے ایسے گشتی خطوط پاکستان میں لوگوں کو اُن کی درخواست کے بغیر مل رہے ہیں جن میں قرآن مجید کے بارے میں شکوک و شبہات پیدا کیے گئے ہیں۔

مسلمان نوجوانوں کے پتے بیرون ملک مقیم اسلام مخالف منادوں کو کون مہیا کرتا ہے؟ تاہم اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مسلمانوں کی رواداری ہے یا بے حسی کہ اُنہوں نے یہ تمام رویے برداشت کر رکھے ہیں، اور مذہب تبدیل کرنے کی آزادی کا اُنہوں نے کبھی نوٹس نہیں لیا۔





© rasailojaraid.com